# انوار و برکات درود شریف

(رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے ڈائریکٹ رابطہ)



دار التبلیغ آستانہ عالیہ حضرت کیلیانوالہ شریف (گوجرانوالہ)

CamScanner

# انوار و برکات درود شریف

(رسول اللہ ﷺ سے ڈائریکٹ رابطہ)

نام کتاب: انوار و برکات درود شریف

بحکم جناب:

سیدی وسندی حضرت محمد عظمت علی شاہ

المعروف حضور قبلہ چن جی سرکار

استانہ عالیہ حضرت کیلیانوالہ شریف

گوجرانوالہ

تالیف: احمد حسین ہنجرا

ناشر: دار التبلیغ آستانہ عالیہ حضرت کیلیانوالہ شریف (گوجرانوالہ)

سن اشاعت: 2017ء

دار التبلیغ آستانہ عالیہ حضرت کیلیانوالہ شریف (گوجرانوالہ)

CamScanner

# انوار و برکات درود شریف

(رسول اللہ ﷺ سے ڈائریکٹ رابطہ)

درود پاک ایک ایسی نعمت ہے جس کا اندازہ ممکن نہیں اس کے ان گنت فوائد ہیں۔

## درود شریف کے فضائل

☆ حبیب خدا ﷺ پر درود پاک پڑھنے والے پر اللہ تعالیٰ درود بھیجتا ہے۔ ایک کے بدلے ایک نہیں بلکہ ایک کے بدلے کم از کم دس۔

☆ درود پاک پڑھنے والے کے لئے رب تعالیٰ کے فرشتے رحمت اور بخشش کی دعائیں کرتے ہیں۔

☆ جب تک بندہ درود پاک پڑھتا رہتا ہے فرشتے اس کے لئے دعائیں کرتے رہتے ہیں۔

☆ درود پاک گناہوں کا کفارہ ہے۔

☆ درود پاک سے عمل پاک ہو جاتے ہیں۔

☆ درود پاک اپنے پڑھنے والے کے لئے اللہ تعالیٰ سے استغفار کرتا ہے۔

☆ درود پاک پڑھنے سے درجے بلند ہوتے ہیں۔

☆ درود پاک پڑھنے کو ایک قیراط ثواب ملتا ہے۔(ایک قیراط احد پہاڑ جتنا ہے)

☆ درود پاک پڑھنے کو پیمانے بھر بھر کر ثواب ملتا ہے۔

☆ جو درود پاک کو ہی وظیفہ بنا لے اس کے دنیا اور آخرت کے سارے کے سارے کام اللہ تعالیٰ خود اپنے ذمہ لے لیتا ہے۔

☆ درود پاک پڑھنے کا ثواب غلام آزاد کرنے سے بھی افضل ہے۔

☆ درود پاک پڑھنے والا ہر قسم کے ہولوں سے نجات پا جاتا ہے۔

☆ آپ ﷺ پر درود پاک پڑھنے والے کے ایمان کی گواہی دیں گے۔

☆ درود پاک پڑھنے والے کے لئے شفاعت واجب ہو جاتی ہے۔

☆ درود پاک پڑھنے والے کے لئے اللہ تعالیٰ کی رضا اور رحمت لکھ دی جاتی ہے۔

☆ درود پاک پڑھنے والے کے لئے اللہ تعالیٰ کے غضب سے امان لکھ دیا جاتا ہے۔

☆ اس کی پیشانی پر یہ لکھ دیا جاتا ہے کہ یہ نفاق سے بَری ہے۔

☆ درود پاک پڑھنے والے کے لئے لکھ دیا جاتا ہے کہ یہ دوزخ سے بَری ہے۔

☆ درود پاک پڑھنے والے کو قیامت کے دن عرش الٰہی کے سائے کے نیچے جگہ دی جائے گی۔

CS CamScanner

☆ درود پاک پڑھنے والے کی نیکیوں کا پلڑا وزنی ہوگا۔

☆ درود پاک پڑھنے والا جب حوض کوثر پر جائے گا تو اس پر خصوصی عنایت ہوگی۔

☆ درود پاک پڑھنے والا کل سخت پیاس کے دن (بروز قیامت) امان میں ہوگا۔

☆ پل صراط سے نہایت آسانی سے اور تیزی سے گزر جائے گا۔

☆ پل صراط پر اسے نور عطا ہوگا۔

☆ درود پاک پڑھنے والا مرنے سے پہلے اپنا مکان جنت میں دیکھ لیتا ہے۔

☆ درود پاک پڑھنے والے کو جنت میں کثرت سے بیویاں عطا ہوں گی۔

☆ درود پاک کی برکت سے مال بڑھتا ہے۔

☆ درود پاک پڑھنا عبادت ہے۔

☆ درود پاک اللہ تعالیٰ کے نزدیک سب نیک عملوں میں سے پیارا ہے۔

☆ درود پاک مجلسوں کی زینت ہے۔

☆ درود پاک تنگ دستی کو دور کرتا ہے۔

☆ درود پاک پڑھنے والا قیامت کے دن سب لوگوں میں حضور ﷺ کے زیادہ قریب ہوگا۔

☆ درود شریف اپنے پڑھنے والے کو اور اس کی اولاد کو رنگ دیتا ہے۔

☆ درود پاک پڑھ کر جس کو بخشا جائے اسے بھی نفع دیتا ہے۔

☆ درود پاک پڑھنے والے کو اللہ تعالیٰ کا اور اس کے حبیب ﷺ کا قرب نصیب

ہوتا ہے۔

☆ درود پاک پڑھنے والے کو دشمنوں پر فتح ونصرت حاصل ہوتی ہے۔

☆ درود پاک پڑھنے والے کا دل زنگ (گناہوں کی سیاہی) سے پاک ہو جاتا ہے۔

☆ درود پاک پڑھنے والے سے لوگ محبت کرتے ہیں۔

☆ درود پاک پڑھنے والا لوگوں کی غیبت سے محفوظ رہتا ہے۔

☆ سب سے بڑی نعمت یہ ہے کہ درود پاک پڑھنے والے کو رحمۃ اللعلمین ﷺ کی خواب میں زیارت ہوتی ہے۔(القول البدیع ص 101)

☆ ایک بار درود پاک پڑھنے سے دس گناہ معاف ہو جاتے ہیں۔ دس نیکیاں لکھی جاتی ہیں دس درجے بلند ہوتے ہیں اور دس رحمتیں نازل ہوتی ہیں۔

☆ درود پاک پڑھنے والے کی دعا قبول ہوتی ہے۔

☆ درود پاک پڑھنے والے کا کندھا جنت کے دروازے پر حضور ﷺ کے کندھے مبارک کے ساتھ چھو جائے گا۔

☆ درود پاک پڑھنے والا قیامت کے دن سب سے پہلے آقا ﷺ کے پاس پہنچ جائے گے۔

☆ درود پاک پڑھنے والے کے سارے کاموں کے لئے قیامت کے دن حضور ﷺ متوالی (ذمہ دار) ہو جائیں گے۔

CamScanner

☆ درود پاک پڑھنے سے دل کی صفائی حاصل ہوتی ہے۔

☆ درود پاک پڑھنے والے کو جانکنی (وقت نزع) میں آسانی ہوتی ہے۔

☆ جس مجلس میں درود پاک پڑھا جائے اس مجلس کو فرشتے رحمت سے گھیر لیتے ہیں۔

☆ درود پاک پڑھنے سے سید الانبیاء، حبیب خدا ﷺ کی محبت بڑھتی ہے۔

☆ رسول اللہ ﷺ خود درود پاک پڑھنے والے سے محبت فرماتے ہیں۔

☆ قیامت کے دن سید دو عالم، نور مجسم ﷺ درود پاک پڑھنے والے سے مصافحہ فرمائیں گے۔

☆ فرشتے درود پاک پڑھنے والے کے ساتھ محبت کرتے ہیں۔

☆ فرشتے درود پاک پڑھنے والے کے درود شریف کو سونے کی قلموں سے چاندی کے ورقوں پر لکھتے ہیں۔

☆ درود پاک پڑھنے والے کا درود شریف فرشتے دربار رسالت ﷺ میں لے جا کر یوں عرض کرتے ہیں، یا رسول اللہ ﷺ! فلاں کے بیٹے فلاں نے حضور کے دربار میں درود پاک کا تحفہ حاضر کیا ہے۔

☆ درود پاک پڑھنے والے کا گناہ تین دن تک فرشتے نہیں لکھتے۔ (جذب القلوب، ص ۲۵۳)

☆ درود پاک پڑھنے والا اللہ تعالیٰ کی ناراضگی سے محفوظ رہتا ہے۔ (افضل الصلوات

علی سید السادات ص 29)

☆ جو کسی قسم کی نماز پڑھے اور آپ ﷺ اور اہل بیت پر درود نہ بھیجے وہ مقبول نہ ہوگی۔ (سعادۃ الدارین ص 243)

☆ دنیا اور آخرت میں تکلیفوں سے نجات حاصل کرنے کے لئے درود پاک سے بڑھ کر کوئی نعمت نہیں۔ (خزانہ آخرت ص 35)۔

☆ رسول اللہ ﷺ پر درود پاک نہ پڑھنے والا بد بخت ہے۔ (آب کوثر ص 75)۔

☆ ہر با مقصد کام جو بغیر اللہ تعالیٰ کے ذکر اور بغیر درود پاک کے شروع کیا جائے وہ بے برکت اور خیر سے کٹا ہوا ہے۔ (آب کوثر ص 79)۔

☆ درود خواں اللہ تعالیٰ کی حفاظت میں رہتا ہے۔ (ذکر خیر ص 194)۔

☆ فرشتے درود پاک پڑھنے والے کے گھر میں بلاؤں کو نہیں آنے دیتے۔ (ذکر خیر ص 194، آب کوثر ص 105)

☆ درود شریف کے انور اور فوائد نسل در نسل کئی پشتوں تک پہنچتے رہتے ہیں۔ (دلائل الخیرات)

☆ درود شریف پڑھنے سے غمی خوشی میں، تنگی آسانی میں، بلا عطا میں، زحمت رحمت اور راحت میں بدل جاتی ہے۔ (تحفۃ الصلوٰۃ الی النبی المختار ﷺ ص 331)

☆ درود شریف موت کی تلخیوں کے تریاق ہے۔ (تحفۃ الصلوٰۃ الی النبی المختار ﷺ ص 332)

CS CamScanner

# بزرگان دین کے ارشادات مبارکہ سے چند فوائد

☆ درود پاک پڑھنے والے کے سامنے گردنیں جھک جاتی ہیں۔

☆ درود پاک پڑھنے والے کے گھر پر آفتیں اور بلائیں نہیں آتیں۔

☆ درود پاک پڑھنے سے جنت وسیع ہوتی جاتی ہے۔

☆ درود پاک پڑھنے کی کثرت سے بندہ اولیاء کرام کی جماعت میں شامل ہو جاتا ہے۔

☆ قانون قدرت ہے کہ جو اس دنیا میں ہنستا ہے وہ اس جہاں میں روئے گا اور جو یہاں روتا ہے وہ وہاں خوشیاں منائے گا لیکن درود پاک پڑھنے والے کے لئے یہاں بھی عیش وہاں بھی عیش، یہاں بھی خوشیاں مناتا ہے اور وہاں بھی خوشیاں منائے گا۔

☆ درود پاک ساری نفل عبادتوں سے افضل ہے۔

☆ درود پاک پڑھنے والے کو قیامت کے دن تاج پہنایا جائے گا۔

☆ درود پاک ہر خیر کا جالب اور ہر شر کا دافع ہے۔

☆ درود پاک فتوحات کی چابی ہے۔

☆ درود پاک ایسی تجارت ہے جس میں کسی قسم کا خسارہ نہیں ہے۔

☆ درود پاک جنت کا راستہ ہے۔

☆ درود پاک گناہوں کو یوں مٹا دیتا ہے جیسے پانی آگ کو بجھا دیتی ہے۔

☆ درود پاک کی کثرت کرنا آرزوؤں کے حاصل کرنے کا ذریعہ ہے۔

☆ درود پاک کی کثرت کرنا اہلسنت والجماعت کی علامت ہے۔

# مختلف علماء کرام کے بیان کردہ فوائد

☆ درود وسلام پڑھنے سے اللہ کریم کے حکم کی تعمیل ہوتی ہے۔

☆ درود وسلام پڑھنے میں اللہ تعالیٰ کی موافقت ہوتی ہے۔

☆ درود وسلام پڑھنے میں فرشتوں کی موافقت ہے۔

☆ درود شریف پڑھنے والے کے لئے جنت کے دروازے کھول دیئے جاتے ہیں۔

☆ جو ایک بار درود شریف پڑھے اللہ کریم اس پر دس بار صلوٰۃ بھیجتا ہے۔

☆ جمعرات اور جمعہ کو فرشتے درود شریف چاندی کے صحیفوں میں سونے کے قلم سے لکھتے ہیں۔

☆ درود وسلام پڑھنے سے بھولی ہوئی چیز یاد آجاتی ہے۔ (کنز ا ص ۳۵۴)

☆ اللہ کریم درود شریف پڑھنے والے کی دس نیکیاں لکھ دیتا ہے۔ (ج ۲۹)

☆ اس کے دس درجے بلند کر دیتا ہے۔ (ج ۲۹)

☆ اور اس کے دس گناہ مٹا دیتا ہے۔ (ج ۲۹)

CamScanner

☆ اور دس بار درود بھیجتا ہے۔ (ترمذی اول ج ۲۹ ص ۱۵۷)

☆ اللہ کریم فرماتا ہے کہ اے میرے حبیب ﷺ جو مسلمان آپ پر ایک بار درود شریف بھیجے، میں اور میرے فرشتے اس پر دس بار درود بھیجتے ہیں۔

☆ جمعہ کے روز کثرت سے درود شریف پڑھنے والا نبی ﷺ سے قریب ہوگا۔

☆ جمعہ کی رات اور دن درود شریف پڑھنے والے کی سو حاجتیں پوری ہوتی ہیں، ستر آخرت اور تیس دنیا کی۔

☆ جو درود شریف پڑھتا ہے اللہ اس پر صلوٰۃ بھیجتا ہے اور جو نبی کریم ﷺ کے حضور سلام عرض کرتا ہے اللہ کریم اس پر سلام عرض کرتا ہے۔

☆ کثرت سے درود و سلام پڑھنا بندے کو قرب نبی اکرم ﷺ کی دولت سے مالا مال کرتا ہے۔

☆ بندے کے دنیاوی اور آخرت کے اہم معاملات میں درود و سلام کی کفایت کرتا ہے۔ (کنز اول ص ۳۵۳)

☆ تنگ دست کے لئے درود و سلام صدقے کے قائم مقام ہو جاتا ہے۔ (جواہر ص ۱۵۵)

☆ درود و سلام پڑھنے والا پاک ہو جاتا ہے۔ (ص ۵۸)

☆ صلوٰۃ و سلام پڑھنے والے کو فوت ہونے سے پہلے جنت کی خوشخبری دی جاتی ہے۔

CS CamScanner

☆ بکثرت درود و سلام پڑھنا قیامت کی ہولناکیوں سے نجات کا باعث بن جاتا ہے۔ (ص ۸۴)

☆ درود و سلام پڑھنے والے پر نبی اکرم ﷺ صلوٰۃ و سلام بھیجتے ہیں۔

☆ درود و سلام سے مجلس مزین ہو جاتی ہے۔ (ص ٦٧)

☆ درود و سلام پڑھنے والے کی محتاجی دور ہو جاتی ہے۔

☆ بخل مٹ جاتا ہے اور بدبختی دور ہو جاتی ہے۔

☆ جو شخص ہر روز پچاس بار درود شریف پڑھتا رہا ہو۔ قیامت کے دن فرشتے اس سے مصافحہ کریں گے۔

☆ درود شریف پڑھنے والا جنت کو سیدھی راہ چلا جاتا ہے۔

☆ درود و سلام پل صراط پر بہت زیادہ نور ملنے کا ذریعہ ہے۔

☆ اللہ کریم درود خواں کی اچھی صفت آسمان اور زمین والوں میں بیان کرتا ہے۔

☆ درود خوان کے دل میں رسول ﷺ کی محبت اور عشق زیادہ ہو جاتا ہے۔

☆ درود و سلام پڑھنے والا نبی کریم ﷺ کا محبوب ہو جاتا ہے۔

☆ درود و سلام پڑھنے سے دل زندہ ہو جاتا ہے اور ہدایت کا باعث بن جاتا ہے۔

☆ درود و سلام پڑھنے والے کا نام اور اس کے باپ کا نام نبی ﷺ کی خدمت میں عرض کیا جاتا ہے۔

☆ صلوٰۃ و سلام پڑھنے والا پل صراط پر ثابت قدم رہے گا۔

CS CamScanner

درود شریف پڑھنے سے نبی ﷺ کے حقوق میں سے کچھ حق ادا ہو جاتا ہے۔

نبی کریم ﷺ کی بعثت اور تشریف آوری اللہ کی نعمت عظمیٰ ہے، صلوٰۃ وسلام پڑھنے سے اللہ کریم کی بہت بڑی نعمت کا قدرے شکر ادا ہو جاتا ہے۔

جس مجلس میں درود سلام پڑھا جائے اس مجلس والوں پر قیامت کے روز کوئی حسرت نہیں ہوگی۔

☆ صلوٰۃ وسلام پڑھنے والے کو دس غلام آزاد کرنے کے برابر ثواب ملتا ہے۔

☆ اس کے نامۂ اعمال میں احد پہاڑ جتنا ثواب لکھا جاتا ہے۔

☆ رسول اکرم ﷺ قیامت کے روز اس کی گواہی دیں گے۔

☆ دس بار درود پڑھنے والے سے اللہ کریم راضی ہوگا۔

☆ اللہ کریم کے عذاب سے امان میں ہوگا۔

☆ بکثرت درود شریف پڑھنے والے کو عرش الٰہی کا سایہ نصیب ہوگا۔

☆ حشر میں نیکیوں کا پلہ بھاری ہوگا۔

☆ پل صراط پر سے چمکنے والی بجلی کی طرح گزر جائے گا۔

☆ پیاس سے امن میں ہوگا۔

☆ موت سے پہلے اپنا جنت والا گھر دیکھ لے گا۔

☆ درود وسلام کا ثواب بیس غزوات (جہاد) سے زیادہ ہے۔

☆ درود شریف کی برکت سے مال بڑھ جاتا ہے۔

CS CamScanner

☆ درود و سلام عبادت ہے اور اللہ کریم کے نزدیک تمام اعمال سے زیادہ محبوب ہے۔

☆ درود و سلام پڑھنا اہلسنت کی نشانی ہے۔

☆ اس سے مجلس معطر ہو جاتی ہے۔

☆ بھلائیاں حاصل ہوتی ہیں۔

☆ درود شریف پڑھنے والا خود بھی اور اس کی اولاد بھی اس سے نفع حاصل کرتے ہیں۔

☆ اس سے قربِ الٰہی حاصل ہوتا ہے۔

☆ درود شریف پڑھنے والے کے لئے قبر پُر نور ہو جاتی ہے۔

☆ حشر میں درود خوان کے لئے نور ہوگا۔

☆ درود شریف پڑھنے والے کو دشمنوں پر فتح ملتی ہے۔

☆ اس سے تمام مومن محبت کرنے لگ جاتے ہیں اور منافق جلتے رہتے ہیں۔

☆ نبی کریم ﷺ کی زیارت خواب میں نصیب ہوتی ہے۔

☆ کثرت سے درود سلام پڑھنے والے کو رسول ﷺ کی زیارت بیداری میں ہونے لگتی ہے۔

☆ درود خواں کی ذات، عمل، عمر اور اس کی بھلائیوں کے اسباب میں برکت ہوتی ہے۔

CamScanner

☆ صلوٰۃ وسلام پڑھنے والے کی شفاعت نبی اکرم ﷺ ضرور فرمائیں گے۔

☆ صبح وشام جو شخص دس دس بار ہر روز درود شریف پڑھا کرے گا وہ نبی کریم ﷺ کی شفاعت پائے گا۔

☆ جو شخص سو بار درود وسلام پڑھے اللہ کریم اس کی پیشانی پر لکھ دیتا ہے کہ یہ شخص نفاق سے پاک اور دوزخ سے بری ہے۔

☆ جو مومن سو بار درود وسلام پڑھے اللہ کریم اس کو سو شہیدوں کے ساتھ جنت میں جگہ دے گا۔

☆ جو ایک بار درود وسلام پڑھتا ہے اللہ تعالیٰ اور اس کے فرشتے اس پر ستر بار صلوٰۃ بھیجتے ہیں۔

☆ درود وسلام پڑھنے والے کے لئے دو فرشتے بخشش کی دعا کرتے ہیں اللہ تعالیٰ اور اس کے تمام فرشتے ان دو فرشتوں کی دعا پر آمین کہتے ہیں۔

☆ درود شریف کی مجلس پر اللہ تعالیٰ کی رحمت چھا جاتی ہے اور جو گناہ گار بھولا بھٹکا اس مجلس میں تماش بینی کے طور پر شامل ہو جائے وہ بھی محروم نہیں رہتا۔

☆ درود پاک پڑھنے والے کو نبی کریم ﷺ جواب دیتے ہیں۔

☆ ایک بار درود وسلام پڑھنے والے کا درود وسلام قبول ہو جائے تو اللہ تعالیٰ اس کے اسی سال کے گناہ مٹا دیتا ہے۔

☆ نبی کریم ﷺ پر جب امتی سلام عرض کرتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس پر دس بار سلام

ارشاد فرماتا ہے۔

☆ ایک بار درود شریف پڑھنے والے پر اللہ تعالیٰ اور اس کے فرشتے دس بار صلوٰۃ بھیجتے ہیں۔

☆ پانی آگ کو بجھا دیتا ہے، نبی کریم ﷺ پر درود وسلام پڑھنا گناہوں کو اس سے زیادہ مٹا دیتا ہے اور آپ ﷺ پر صلوٰۃ وسلام عرض کرنا گردن آزاد کرنے سے زیادہ افضل ہے۔

☆ نبی کریم ﷺ نے فرمایا جس نے کتاب میں میرے نام کے ساتھ درود شریف لکھا فرشتے اس کے لئے بخشش کی دعا مانگتے رہیں گے جب تک میرا نام کتاب میں رہے گا۔

☆ نماز میں درود شریف نہ پڑھا جائے تو نماز کامل نہیں ہوتی۔

☆ جو شخص جمعہ کے روز نماز عصر کے بعد اپنی جگہ سے اٹھنے سے پہلے مندرجہ ذیل درود وسلام اسی بار پڑھے اس کے اسی سال کے گناہ بخشے جائیں گے اور اسی سال کی عبادت لکھی جائے گی۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ وَعَلٰى آلِهٖ وَسَلِّمْ تَسْلِيْمًا

☆ اس درود شریف کو بکثرت پڑھنے سے رسول ﷺ کی زیارت نصیب ہوتی ہے۔

صَلَّى اللّٰهُ عَلٰى حَبِيْبِهٖ مُحَمَّدٍ وَّ آلِهٖ وَسَلَّمْ

حصہ دوئم

# درود پاک کی فضیلت احادیث کی روشنی میں

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

1۔ قیامت کے دن لوگوں میں سے میرے زیادہ قریب وہ ہوگا جس نے دنیا میں مجھ پر درود پاک زیادہ پڑھا ہوگا۔

صَلّی اللّٰہُ عَلٰی حبیبہٖ محمدٍ وّ آلہٖ وسلّم

2۔ جس نے مجھ پر ایک مرتبہ درود پاک پڑھا اللہ تعالیٰ اس پر دس رحمتیں بھیجتا ہے اور اس کے نامۂ اعمال میں دس نیکیاں لکھتا ہے۔ (ترمذی شریف ص 64 ج ۱)

صَلّی اللّٰہُ عَلٰی حبیبہٖ محمدٍ وّ آلہٖ وسلّم

3۔ جس نے ایک دفعہ درود شریف پڑھا اللہ تعالیٰ اس پر دس رحمتیں بھیجتا ہے، اس کے دس گناہ مٹا دیئے جاتے ہیں اور اس کے دس درجات بڑھا دیئے جاتے ہیں۔ (مشکوٰۃ ص 86 دلائل الخیرات ص 6 تفسیر مظہری ص 412)

صَلّی اللّٰہُ عَلٰی حبیبہٖ محمدٍ وّ آلہٖ وسلّم

CamScanner

4۔ کثیر تعداد میں درود پاک پڑھنے سے سارے کام سنور جاتے ہیں اور سارے گناہ بخش دیئے جاتے ہیں (رواہ الترمذی، مشکوٰۃ شریف ص 86، الزواجر ص۔ 117)

صَلّی اللّٰہُ عَلٰی حبیبہٖ محمدٍ وَّ آلہٖ وسلّم

5۔ کسی نے عرض کی کہ یارسول اللہ ﷺ یہ فرمائیں کہ اگر میں آپ کی ذات پاک پر درود پاک کو وظیفہ بنالوں تو کیسا رہے گیا۔ آپ نے فرمایا اگر تو ایسے کرے تو اللہ تعالیٰ دنیا و آخرت کے تیرے سارے معاملات کے لئے کافی ہے۔ (القول البدیع ص119)

صَلّی اللّٰہُ عَلٰی حبیبہٖ محمدٍ وَّ آلہٖ وسلّم

6۔ رسول پاک ﷺ پر ایک دفعہ درود پاک پڑھنے سے اللہ تعالیٰ اور اس کے فرشتے ستر رحمتیں بھیجتے ہیں۔ (مشکوٰۃ شریف ص 87 القول البدیع ص103)

صَلّی اللّٰہُ عَلٰی حبیبہٖ محمدٍ وَّ آلہٖ وسلّم

7۔ رسول ﷺ نے فرمایا مجھ پر درود پاک پڑھو کیونکہ ایسا کرنا تمہارے گناہوں کا کفارہ ہے۔ تمہارے باطن کی طہارت ہے جو مجھ پر ایک بار بھی درود پاک پڑھے اللہ تعالیٰ اس پر دس رحمتیں بھیجتا ہے۔ (القول البدیع ص103)

صَلّی اللّٰہُ عَلٰی حبیبہٖ محمدٍ وَّ آلہٖ وسلّم

8۔ مجھ پر درود پاک کی کثرت کیا کرو۔اس لئے کہ تمہارا درود پاک پڑھنا تمہارے گناہوں کا کفارہ ہے میرے لئے اللہ تعالیٰ سے درجہ اور وسیلہ کی دعا کرو کیونکہ اللہ تعالیٰ کے دربار میں میرا وسیلہ تمہارے لئے شفاعت ہے۔(جامع صغیر ص 54 ج 1)

صَلَّی اللّٰہُ عَلٰی حبیبہٖ محمدٍ وَّ آلہٖ وسلّم

9۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا تم اپنی مجلسوں کو مجھ پر درود پاک پڑھ کر مزین کرو کیونکہ تمہارا درود پاک پڑھنا قیامت کے دن تمہارے نور ہوگا۔(جامع صغیر ص 28 جلد دوم)

صَلَّی اللّٰہُ عَلٰی حبیبہٖ محمدٍ وَّ آلہٖ وسلّم

10۔ رسول ﷺ نے فرمایا مجھ پر درود پاک پڑھنے والے کو پل صراط پر عظیم الشان نور عطا ہوگا اور جس کو پل صراف پر نور عطا ہوگا وہ اہل دوزخ سے نہ ہوگا۔(دلائل الخیرات ص 9)

صَلَّی اللّٰہُ عَلٰی حبیبہٖ محمدٍ وَّ آلہٖ وسلّم

11۔ بے شک تم میں سے قیامت کے دن قیامت کے ہولوں اور اس کی دشوار گزار گھاٹیوں سے جلد از جلد نجات پانے والا وہ شخص ہوگا جس نے دنیا میں مجھ پر کثرت سے درود پاک پڑھا ہوگا۔(القول البدیع ص 121)

CamScanner

صَلّی اللّٰہُ عَلٰی حبیبہٖ محمدٍ وَّ آلہٖ وسلّم

12۔ قیامت کے دن میرے حوضِ کوثر پر کچھ گروہ وارد ہوں گے جن کو میں انہیں درود پاک کی کثرت کی وجہ سے پہنچانتا ہوں گا۔ (کشف الغمہ ص 271، شفا شریف ص 76 ج 2، القول البدیع ص 123)

صَلّی اللّٰہُ عَلٰی حبیبہٖ محمدٍ وَّ آلہٖ وسلّم

13۔ جس نے مجھ پر دن بھر میں ہزار بار درود پاک پڑھا وہ مرے گا نہیں جب تک جنت میں اپنی آرام گاہ (جائے رہائش) نہ دیکھ لے گا۔ (کشف الغمہ ص 271)

صَلّی اللّٰہُ عَلٰی حبیبہٖ محمدٍ وَّ آلہٖ وسلّم

14۔ جس نے مجھ پر دس بار درود پاک پڑھا اللہ تعالیٰ اس پر سو رحمتیں نازل فرماتا ہے اور مجھ پر سو بار درود پاک پڑھے اللہ تعالیٰ اس پر ہزار رحمتیں نازل فرماتا ہے۔ اور محبت وشوق سے اس سے زیادہ پڑھے میں قیامت کے دن اس کا شفیع اور گواہ بنوں گا (الول البدیع ص 103)

صَلّی اللّٰہُ عَلٰی حبیبہٖ محمدٍ وَّ آلہٖ وسلّم

15۔ جو مجھ پر ایک بار درود پاک پڑھے اللہ تعالیٰ اس پر دس رحمتیں نازل فرماتا ہے اور جو مجھ پر دس بار درود پاک پڑھے۔ اللہ تعالیٰ اس پر سو رحمتیں نازل فرماتا ہے

اور جو مجھ پر سو بار درود پاک پڑھے اللہ تعالیٰ اس کی دونوں آنکھوں کے درمیان لکھ دیتا ہے کہ یہ بندہ نفاق اور دوزخ کی آگ سے بری ہے اور اس کو قیامت کے دن شہیدوں کے ساتھ رکھے گا۔ (القول البدیع ص 103، الترغیب و الترہیب ص495ج2)

صَلَّى اللّٰهُ عَلٰى حبيبه محمدٍ وّ آله وسلّم

16۔ رسول ﷺ نے فرمایا ''بندہ جب تک مجھ پر درود پاک پڑھتا رہتا ہے اللہ تعالیٰ کے فرشتے اس پر رحمتیں نازل کرتے رہتے ہیں اب تمہاری مرضی ہے کہ تم مجھ پر درود پاک کم پڑھو یا زیادہ۔ (القول البدیع ص114)

صَلَّى اللّٰهُ عَلٰى حبيبه محمدٍ وّ آله وسلّم

17۔ سیدنا صدیق اکبرؓ سے مروی ہے کہ میں نے رسول ﷺ سے فرماتے سنا ہے جو مجھ پر درود پاک پڑھے میں اس کا قیامت کے دن شفیع بنوں گا۔ (القول البدیع ص121)

صَلَّى اللّٰهُ عَلٰى حبيبه محمدٍ وّ آله وسلّم

18۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا اے ابو کاہل جو شخص مجھ پر ہر دن رات کو تین تین مرتبہ میری طرف شوق کی وجہ سے درود پاک پڑھے تو اللہ تعالیٰ پر حق ہے کہ اس کے اس دن اور رات کے گناہ بخش دے۔ (القول البدیع ص 117، الترغیب

والترہیب ص 502 ج 2)

صَلّی اللّٰہُ عَلٰی حبیبہٖ محمدٍ وَّ آلہٖ وسلّم

19۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ جس شخص کو یہ بات پسند ہو کہ جب وہ دربارِالٰہی میں حاضر ہو تو اللہ تعالیٰ اس پر راضی ہو اسے چاہیے کہ مجھ پر درود پاک کی کثرت کرے۔ (القول البدیع ص 122، کشف الغمہ ص 271، سعادۃ الدارین ص 79)

صَلّی اللّٰہُ عَلٰی حبیبہٖ محمدٍ وَّ آلہٖ وسلّم

20۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جب تم کسی چیز کو بھول جاؤ تو مجھ پر درود پاک پڑھو۔ انشاءاللہ تعالیٰ یاد آ جائے گی۔ (سعادۃ الدّارین ص 57)

صَلّی اللّٰہُ عَلٰی حبیبہٖ محمدٍ وَّ آلہٖ وسلّم

21۔ اے میری امت مجھ پر درود پاک کی کثرت کرو۔ کیونکہ قبر میں تم سے پہلے میرے متعلق سوال ہوگا۔ (سعادۃ الدارین ص 59، کشف الغمہ ص 269)

صَلّی اللّٰہُ عَلٰی حبیبہٖ محمدٍ وَّ آلہٖ وسلّم

22۔ رسول ﷺ نے فرمایا جب دو دوست آپس میں ملتے ہیں اور مصافحہ کرتے ہیں اور مجھ پر درود پاک پڑھتے ہیں تو جدا ہونے سے پہلے پہلے دونوں کے اگلے پچھلے گناہ بخش دیئے جاتے ہیں۔ (نزہتہ الناظرین ص 31، سعادۃ الدارین

ص 77، الترغیب والترہیب ص, 504 الزواجہ 117 )

صَلّی اللّٰہُ عَلٰی حبیبہٖ محمدٍ وّ آلہٖ وسلّم

23۔ رسول ﷺ نے فرمایا میں آج رات عجیب منظر دیکھا میں نے دیکھا کہ میرا ایک امتی پل صراط پر گزرنے لگا کبھی وہ چلتا ہے کبھی گرتا ہے کبھی لٹک جاتا ہے تو اس کا مجھ پر درود پاک پڑھا ہوا آیا اور اس امتی کا ہاتھ پکڑ کر اسے پل صراط پر سیدھا کھڑا کر دیا اور پکڑے پکڑے اس کو پار کر دیا۔ ( القول البدیع ص 124، سعادۃ الدارین ص 66 )

صَلّی اللّٰہُ عَلٰی حبیبہٖ محمدٍ وّ آلہٖ وسلّم

24۔ اے میری امت تمہارا مجھ پر درود پاک پڑھنا قیامت کے دن پل صراط کے اندھیرے میں تمہارے لئے نور ہوگا اور جو شخص یہ چاہے کہ قیامت کے دن اسے اجر کا پیمانہ بھر بھر کر دیا جائے اسے چاہیے کہ وہ مجھ پر درود پاک کی کثرت کرے ( سعادۃ الدارین ص 68 )

صَلّی اللّٰہُ عَلٰی حبیبہٖ محمدٍ وّ آلہٖ وسلّم

25۔ اے میری امت! تمہارا مجھ پر درود پاک پڑھنا تمہاری دعاوں کا محافظ ہے اور تمہارے لئے رب تعالیٰ کی رضا ہے اور تمہارے اعمال کی طہارت ہے۔ ( سعادۃ الدارین ص 68 )

صَلّی اللّٰہُ عَلٰی حبیبہٖ محمدٍ وّ آلہٖ وسلّم

26۔ جس نے کتاب میں مجھ پر درود پاک لکھا تو جب تک میرا نام (مبارک) اس کتاب میں رہے گا فرشتے اس کے لئے استغفار کرتے رہیں گے (سعادۃ الدارین ص 83، نزہتہ الناظرین ص 31)

صَلّی اللّٰہُ عَلٰی حبیبہٖ محمدٍ وّ آلہٖ وسلّم

27۔ ایک شخص نے دربار نبوت میں حاضر ہو کر فقر و فاقہ اور تنگی معاش کی شکایت کی تو اس کو آپ ﷺ نے فرمایا جب تو اپنے گھر میں داخل ہو تو السلام علیکم کہہ۔ چاہے کوئی گھر میں نہ ہو پھر مجھ پر درود شریف پڑھے اور ایک مرتبہ سورہ اخلاص پڑھ۔ اس شخص نے ایسا ہی کیا تو اللہ تعالیٰ نے اس پر رزق کو کھول دیا۔ حتیٰ کہ اس کے ہمسایوں اور رشتہ داروں کو بھی اس رزق سے حصہ پہنچا (القول البدیع ص 129، سعادۃ الدارین ص 63)

صَلّی اللّٰہُ عَلٰی حبیبہٖ محمدٍ وّ آلہٖ وسلّم

28۔ رسول ﷺ نے فرمایا جو مجھ پر دن بھر میں پچاس بار درود پاک پڑھے۔ قیامت کے دن میں اس سے مصافحہ کروں گا۔ (القول البدیع ص 136)

صَلّی اللّٰہُ عَلٰی حبیبہٖ محمدٍ وّ آلہٖ وسلّم

29۔ ہر چیز کے لئے طہارت اور غسل ہوتا ہے اور ایمان والوں کے دلوں کی زنگ

CamScanner

سے طہارت مجھ پر درود پاک پڑھنا ہے (القول البدیع ص 135)

صَلّی اللّٰہُ عَلٰی حبیبہٖ محمدٍ وَّ آلہٖ وسلّم

30۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جو مجھ پر ایک بار درود پاک پڑھے۔ اس کے لئے اللہ تعالیٰ ایک قیراط اجر لکھتا ہے۔ اور قیراط احد پہاڑ جتنا ہے۔ (القول البدیع ص 118)

صَلّی اللّٰہُ عَلٰی حبیبہٖ محمدٍ وَّ آلہٖ وسلّم

31۔ فرمایا رسول ﷺ نے جس شخص نے اپنی زندگی میں مجھ پر درود پاک زیادہ پڑھا۔ اس کی موت کے وقت اللہ تعالیٰ ساری مخلوقات کو فرمائے گا کہ اس بندے کے لئے استغفار کرو۔ بخشش کی دعائیں کرو۔ (نزہتہ المجالس ص 110 ج 2)

صَلّی اللّٰہُ عَلٰی حبیبہٖ محمدٍ وَّ آلہٖ وسلّم

32۔ حضرت جبرائیلؑ نے عرض کی یا رسول اللہ ﷺ اللہ تعالیٰ نے آپ کو جنت میں ایک قبہ عطا کیا ہے جس کی چورائی تین سو سال کی مسافت ہے اور اسے کرامت کی ہواوں نے گھیر رکھا ہے۔ اس قبہ مبارکہ میں صرف وہی لوگ داخل ہوں گے جو آپ کی ذات گرامی پر کثرت سے درود پاک پڑھتے ہیں۔ (نزہتہ المجالس ص 111)

صَلّی اللّٰہُ عَلٰی حبیبہٖ محمدٍ وَّ آلہٖ وسلّم

33۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا۔ قیامت کے دن تین شخص عرش الہی کے سایہ میں ہوں گے جس دن کہ اس کے سایہ کے سوا کوئی سایہ نہ ہوگا۔

(1) ایک وہ جس نے میرے کسی مصیبت زدہ امتی کی پریشانی دور کی۔

(2) دوسرا وہ جس نے میری سنت کو زندہ کیا۔

(3) تیسرا وہ شخص کہ جس نے مجھ پر درود پاک کی کثرت کی۔ (سعادۃ الدارین ص 63)

صَلّی اللّٰہُ عَلٰی حبیبہٖ محمدٍ وَّ آلہٖ وسلّم

## جمعہ کو درود پاک پڑھنے کی فضیلت

34۔ آپ نے فرمایا اے میری امت تم میں سے جو مجھ پر درود پاک زیادہ پڑھے گا اس کو جنت میں زیادہ حوریں دی جائیں گی۔ (القول البدیع ص 126 سعادۃ الدارین ص 58، دلائل الخیرات ص 10، کانپوری کشف الغمہ ص 271)

صَلّی اللّٰہُ عَلٰی حبیبہٖ محمدٍ وَّ آلہٖ وسلّم

35۔ آپ نے فرمایا کہ مجھ پر جمعہ کے دن درود پاک کی کثرت کرو کیونکہ اس دن میں فرشتے حاضر ہوتے ہیں اور بے شک تم میں سے کوئی جب درود پاک پڑھتا ہے تو اس کے درود پاک سے فارغ ہونے سے پہلے اس درود پاک دربار میں پہنچ جاتا ہے۔ (جامع صغیر ص 54 جلد اول)

صَلّی اللّٰہُ عَلٰی حبیبہٖ محمدٍ وَّ آلہٖ وسلّم

36۔ آپ نے فرمایا جمعہ کی چمکتی دمکتی رات میں اور جمعہ کے چمکتے دمکتے دن میں مجھ پر درود پاک کی کثرت کرو کیونکہ تمہارا درود پاک مجھ پر پیش کیا جاتا ہے۔ (جامع صغیر ص 54 جلد اول)

صَلّی اللّٰہُ عَلٰی حبیبہٖ محمدٍ وَّ آلہٖ وسلّم

37۔ میری امت مجھ پر جمعہ کے دن اور جمعہ کی رات کو درود پاک کی کثرت کرو۔ کیونکہ جو ایسا کرے گا قیامت کے دن میں اس کا گواہ اور شفیع ہوں گا۔ (جامع صغیر ص 54 ج 1)

صَلّی اللّٰہُ عَلٰی حبیبہٖ محمدٍ وَّ آلہٖ وسلّم

38۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جب جمعرات کا دن آتا ہے اللہ تعالیٰ فرشتے بھیجتا ہے۔ جن کے پاس چاندی کے کاغذ اور سونے کے قلم ہوتے ہیں وہ لکھتے ہیں کہ کون جمعرات اور جمعہ کی رات کو رسول ﷺ پر زیادہ سے زیادہ درود پاک پڑھتا ہے۔ (سعادۃ الدارین ص 57)

صَلّی اللّٰہُ عَلٰی حبیبہٖ محمدٍ وَّ آلہٖ وسلّم

39۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جو شخص جمعہ کے دن سو بار درود شریف پڑھے جب وہ قیامت کے دن آئے گا تو اس کے ساتھ ایسا نور ہوگا کہ ساری مخلوق میں تقسیم کر

دیا جائے تو وہ سب کو کافی ہوگا۔ (دلائل الخیرات ص 12)

صَلّی اللّٰہُ عَلٰی حبیبہٖ محمدٍ وَّ آلہٖ وسلّم

40۔ رسول ﷺ نے فرمایا روز قیامت تم میں سے ہر مقام اور ہر جگہ میرے زیادہ قریب وہ ہوگا جس نے تم سے مجھ پر درود پاک کی کثرت کی ہوگی اور تم میں سے جو جمعہ کے دن اور جمعہ کی رات مجھ پر درود پڑھے گا۔ اللہ تعالیٰ اس کی سو حاجتیں پوری فرمائے گا۔ ستر حاجتیں آخرت اور تیس دنیا کی (سعادۃ الدارین ص 60)

صَلّی اللّٰہُ عَلٰی حبیبہٖ محمدٍ وَّ آلہٖ وسلّم

41۔ سیدنا ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ جس نے جمعہ کے دن نماز عصر پڑھ کر اسی جگہ بیٹھے ہوئے اسی (80) بار یہ درود پاک پڑھا اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ النَّبِیِّ الْاُمِیِّ وَعَلٰی آلِہٖ وَسَلِّم تَسْلِیْماً تو اس کے اسی (80) سال کے گناہ بخش دیئے جائیں گے اور اس کے نامہ اعمال میں اسی سال کی عبادت کا ثواب لکھا جاتا ہے۔ (سعادۃ الدارین ص 82)

صَلّی اللّٰہُ عَلٰی حبیبہٖ محمدٍ وَّ آلہٖ وسلّم

CamScanner

# درود پاک نہ پڑھنے کی وعید

1۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جو شخص مجھ پر درود پاک پڑھنا بھول گیا وہ جنت کے راستہ سے ہٹ گیا (القول البدیع ص 145)۔

صَلّی اللّٰہُ عَلٰی حبیبہٖ محمدٍ وَّ آلہٖ وسلّم

2۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا بخیل وہ ہے کہ جس کے پاس میرا ذکر ہوا اور اس نے مجھ پر درود پاک نہ پڑھا (رواہ الترمذی مشکوٰۃ شریف ص 87)

صَلّی اللّٰہُ عَلٰی حبیبہٖ محمدٍ وَّ آلہٖ وسلّم

3۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا تین ایسے شخص ہیں جو میری زیارت سے محروم رہیں گے۔

(1) اپنے والدین کے نافرمان

(2) میری سنت کا تارک۔

(3) جس کے سامنے میرا ذکر ہوا اور اس نے مجھ پر درود پاک نہ پڑھا۔ (القول البدیع ص 151)

صَلّی اللّٰہُ عَلٰی حبیبہٖ محمدٍ وَّ آلہٖ وسلّم

CS CamScanner

4۔ سیدنا ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ جو کسی مجلس میں بیٹھتے ہیں اس میں اللہ کا ذکر نہیں کرتے اور رسول اکرم ﷺ پر درود پاک نہیں پڑھتے قیامت کے دن اس کو نقصان ہوگا۔(القول البدیع 149)

صَلّی اللّٰہُ عَلٰی حبیبہٖ محمدٍ وَّ آلہٖ وسلّم

5۔ میں تمہیں بتاؤں کہ بخیلوں میں سب سے بڑا بخیل کون ہے اور لوگوں میں عاجز ترین کون ہے وہ وہ ہے کہ جس کے پاس میرا ذکر پاک ہو اور مجھ پر درود پاک نہ پڑھے۔(القول البدیع 147)۔

صَلّی اللّٰہُ عَلٰی حبیبہٖ محمدٍ وَّ آلہٖ وسلّم

6۔ جس کے پاس میرا ذکر ہو اور اس نے مجھ پر درود پاک نہ پڑھا۔وہ دوزخ میں جائیگا۔(القول البدیع 146)

صَلّی اللّٰہُ عَلٰی حبیبہٖ محمدٍ وَّ آلہٖ وسلّم

7۔ جس کے پاس میرا ذکر ہوا اور اس نے مجھ پر درود پاک نہ پڑھا وہ بدبخت ہے۔(القول البدیع 145)

صَلّی اللّٰہُ عَلٰی حبیبہٖ محمدٍ وَّ آلہٖ وسلّم

8۔ رسول اکرم ﷺ نے فرمایا ہر با مقصد کام جو بغیر اللہ تعالیٰ کے ذکر اور بغیر درود پاک کے شروع کیا وہ بے برکت اور خیر سے کٹا ہوا ہے۔(مطالع المسرات ص 6)

صَلّی اللّٰہُ عَلٰی حبیبہٖ محمدٍ وَّ آلہٖ وسلّم

9۔ تم مجھ پر اپنے ناموں کے ساتھ اور چہروں کے ساتھ پیش کیے جاتے ہو لہٰذا تم مجھ پر اچھے طریقے سے درود پاک پڑھا کرو۔ (سعادۃ الدارین ص 62)

صَلّی اللّٰہُ عَلٰی حبیبہٖ محمدٍ وَّ آلہٖ وسلّم

10۔ بے شک اللہ تعالیٰ اس بندے پر نظر رحمت فرماتا ہے جو مجھ پر درود پاک پڑھے اور جس پر اللہ تعالیٰ رحمت کی نظر کرے اُسے کبھی بھی عذاب نہ دے گا (کشف الغمہ ص 269 جلد 1)

صَلّی اللّٰہُ عَلٰی حبیبہٖ محمدٍ وَّ آلہٖ وسلّم

11۔ تم اپنی مجلسوں کو مجھ پر درود پاک پڑھنے اور عمر بن خطابؓ کے ذکر خیر سے مزّین کرو (کشف الغمہ ص 269، جلد 1)

صَلّی اللّٰہُ عَلٰی حبیبہٖ محمدٍ وَّ آلہٖ وسلّم

12۔ جو مجھ پر درود پاک پڑھے تو درود پاک اس کا دل نفاق سے یوں پاک کر دیتا ہے جیسے پانی کپڑے کو پاک کر دیتا ہے۔ (کشف الغمہ 271 جلد 1)

صَلّی اللّٰہُ عَلٰی حبیبہٖ محمدٍ وَّ آلہٖ وسلّم

13۔ جس نے مجھ پر درود پاک پڑھا بیشک اس نے اپنی ذات پر رحمت کے ستر دروازے کھول لئے۔ اللہ تعالیٰ لوگوں کے دلوں میں اس کی محبت ڈال دیتا

ہے۔ لہٰذا اس کے ساتھ وہی شخص بُغض رکھے گا جس کے دل میں نفاق ہوگا۔
(کشف الغمہ ص 271 ص 1)

صَلّی اللّٰہُ عَلٰی حبیبہٖ محمدٍ وَّ آلہٖ وسلّم

14۔ جس نے مجھ پر درود پاک نہ پڑھا۔ اس کا کوئی دین نہیں۔ (کشف الغمہ 272 جلد 1)

صَلّی اللّٰہُ عَلٰی حبیبہٖ محمدٍ وَّ آلہٖ وسلّم

15۔ جس نے مجھ پر درود پاک نہ پڑھا اس کا وضو نہیں ہے۔ (کشف الغمہ ص 272 جلد 1)

صَلّی اللّٰہُ عَلٰی حبیبہٖ محمدٍ وَّ آلہٖ وسلّم

16۔ وہ دعا جو کہ دو (۲) درودوں کے درمیان ہو وہ رد نہ کی جائیگی۔ (بہجتہ المحاصل ص 413 جلد 2)

صَلّی اللّٰہُ عَلٰی حبیبہٖ محمدٍ وَّ آلہٖ وسلّم

CamScanner

# انوار و برکات درود شریف

(رسول اللہ ﷺ سے ڈائریکٹ رابطہ)

نام کتاب: انوار و برکات درود شریف

بحکم جناب:

سیدی و سندی حضرت محمد عظمت علی شاہ

المعروف حضور قبلہ چن جی سرکار

استانہ عالیہ حضرت کیلیانوالہ شریف

گوجرانوالہ

تالیف: احمد حسین ہنجرا

تعداد:

ناشر: دارالتبلیغ آستانہ عالیہ حضرت کیلیانوالہ شریف (گوجرانوالہ)

سن اشاعت: 2017ء

دارالتبلیغ آستانہ عالیہ حضرت کیلیانوالہ شریف (گوجرانوالہ)

CamScanner